

NC
www.novelsclubb.com
میری محبت کے ستارے ہو تم
ناولز کلب
از قلم حسنین اشتیاق
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

# میری محبت کے ستارے ہو تم

## از قلم

## حسنین اشتیاق

www.novelsclubb.com


WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

پاکستان کے ایک چھوٹے سے شہر کی کہانی ہے جہاں وہ ایک بند گلی میں ایک اونچے مکان میں رہتی تھی جہاں سے کبھی کبھار ہی کسی کا گزر ہوتا تھا وہ اکیلی اداس اپنے گھر کی کھڑکی کو اپنا بنائے روز اس سے آسمان کی جانب دیکھتی رہتی تھی اور تاروں سے باتیں کرتی رہتی تھی اور ہمیشہ یہ سوچتی تھی کہ تارے زمین پر ہیں اور کیا ایسا ممکن ہو گا کہ کوئی میرے لیے بھی آئے گا وہ روزانہ کی طرح اپنے کام کاج کر کے اس اسمان کی جانب دیکھتی اور کئی باتیں کرتی جو اس کو کسی سے کرنے کی خواہش ہوتی لیکن دن بدن وہ اداس اور بے رنگ سی ہوتی جارہی تھی کیونکہ وہ ایک الگ ہی دنیا کی خواہش مندر رہتی تھی کہ کب اسے کوئی ستارہ زمین پر ملے اور اسکو اس کی تمام تر خواہشات کے ساتھ اپنے آسمان میں لے جائے وہ روز اپنی کھڑکی سے جلتی بجھتی لائٹوں کو دیکھتی رہتی تھے جیسے جیسے وہ روشنیاں اس کی انکھوں میں جزب ہونے لگی وہ ان سے اکتانے لگی جیسے اسے ان روشنیوں سے الجھن سی محسوس ہونے لگی گھر میں اسکے ساتھ اور بھی لوگ تھے جو اپنی زندگی میں مگن سوئے رہے تھے اور وہ اکیلی کھڑکی کے اس پار کی روشنیاں محسوس کر کے اپنی رات گزار رہی تھی اس کو ہمیشہ خواہش رہتی تھی کہ وہ کسی ایسے انسان سے ملے جو اس کو اس کے مطابق جانے اس کو گفٹ لا کر دے کیونکہ اسکو گفٹ بہت پسند تھے اور اس کی دوست جو اس کے بارے میں جانتی تھی جب بھی امریکہ سے آتی تو اس کے لیے گلابی رنگ کا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

جوڑا لے کر آتی جو کہ اس کا فیورٹ تھا اور اسی فیورٹ جوڑے کے ساتھ کھڑکی پر رونما ہوتی تھی وہ ہمیشہ یہ گمان کرتی تھی کہ اس کی زندگی کا ہمسفر اسے یوں ملے جیسے وہ ان ستاروں کو دیکھ رہی ہے جو اس کے مطابق اپنی روشنی کو جگائے ہوئے ہیں اور نہ تو ختم ہو رہے ہیں بلکہ اس کے ہونے تک روشن ہیں اتنے میں اسکی ماں کی آواز آنے لگتی ہے کہ فاطمہ تم سوئی نہیں ابھی کتنا ٹائم ہو گیا ہے ماما ابھی سو رہی ہوں بس کچھ دیر اور نہیں بیٹا اتنا ٹائم ہو گیا ہے تمہیں صبح اٹھنا بھی ہے جلدی کرو سو جاو تو کھڑکی سے اٹھ کر وہ اپنے بستر پر آکر لیٹ گئی لیکن وہ یادیں وہ گمان اس کے ساتھ ہی رہا اور اس کو رات گئے خواب میں کسی انسان کا دیدار ہوا جو اسکو کھڑکی سے دیکھ رہا ہے اور اسکی مسکراہٹ میں اضافہ کر رہا ہے فاطمہ کو یہ دیکھ کر ایسا لگا کہ جیسے اس کی یہ دعا قبول ہو گی ہو کہ مجھے میری زندگی کا ستارہ مل گیا ہے لیکن وہ اس بات سے انجان کے یہ محض ایک خواب ہے جو اس کو حقیقت میں نہیں مل رہا صبح اٹھی تو اسے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے اس نے حقیقت میں کسی شخص کو دیکھا ہو اور آج وہ ایک نئ خوشی سے گھر میں کام پر مصروف ہوئی اور جیسے ہی کام کاج ختم ہوئے تو اسی کھڑکی پر ایک نئے انداز سے اپنے اسی گلابی جوڑے میں ملبوث ہو کر جلوا گر ہوئی اور ایسا گمان کرنے لگی کہ وہ آج بھی نظر آئے گا لیکن وہ تو خواب تھا جس خواب سے فاطمہ بے خبر تھی کئی دن گزرنے کے باوجود وہ خواب حقیقت میں ہونے کی آس لیے وہ کھڑکی کی اُڑ میں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

بیٹھی رہتی تھی کہ کب کوئی اس کی جانب دیکھے لیکن اس تنگ گلی کی جانب کوئی آتا ہی نہ تھا جس کی وجہ سے وہ ہر وقت ایک الگ ہی کیفیت کا شکار رہتی تھی اداسی اس کے چہرے سے ہمیشہ جھلکتی رہتی تھی پھر ایک دن ان کے بابا جان نے آکر گھر میں سب کو ایک جگہ اکٹھا کیا جیسے ہی آواز آئی سب آجاو ایک خوشخبری سنانی ہے بابا میں آئی ابھی رکیں شروع مت کیجئے گا اتنے میں سب گھر والے اپنے بابا جان کے ارد گرد اکٹھے ہو گئے بابا بتائیں کیا بات ہے کی سدائیں کمرے میں گونجنے لگی کہ دھیمی سی مسکراہٹ کے ساتھ آواز آئی کہ عائشہ کا رشتہ پکا کر دیا ہے وہ کل ہمارے گھر آرہے ہیں یہ سن کر فاطمہ کے دل میں ایک عجیب خوشی کی لہر چلنے لگی کہ اتنے دنوں کی اداسیوں کے بعد اب گھر میں رونک سا سماہو گا اور کوئی بہت سے دوست احباب پھر سے ایک جگہ اکٹھے ہوں گے سب اتنے میں بابا جان کی آواز آئی سب سن لیں آج شام کو بھائی اکرم کے ساتھ آپ سب بازار چلیں جانا اور کل کے لیے تیاری کا سامان لے آنا آواز کی دیر تھی کی فاطمہ کو اپنے کپڑوں اور جوتوں کے خواب آنے لگے اور رنگ ڈیسائیڈ ہونے لگے ماما میں بلیک کلر کا فراک لوں گی نہیں ماما بلیک میں لوں گی عائشہ کی آواز آئی اور گھر کے کمرے میں کپڑوں کے رنگوں کی آوازیں گونجنے لگیں ماما ریڈ کیسا لگے گا نہیں نہیں وہ نہیں لینا پنک دیکھ لینا ہاں پنک اچھا رہے گا اس کے ساتھ جوتے بھی میچ کروں گی ہائے ماما کب جا رہے ہیں ہم بازار بابا جان نے کہا

ہے نہ کہ شام کو تو صبر کر و بیٹا اکرم آئے گا تو چلیں گے دو قدم چلی کہ دروازے پر بیل ہوئی
دیکھو ماما شاید اکرم آیا ہو جلدی دیکھو ہاں اکرم ہی آیا ہے ماما چلو اس کو کھانہ کھلا و اور تیار ہو جاو
جانے کیلیئے فاطمہ کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھنے والی تھی کچھ دیر میں اکرم نے گاڑی صاف کی
اور آواز دی کتنی دیر لگنی ہے ابھی آپ سب نے وہاں بھی کون سا جلدی آ جانا ہے ماما بھائی بلائے
جا رہا ہے جلدی کریں نہ رات ہونے کو ہے ابھی کتنا کام کرنا ہے چلو بابا چلو ایک تو تمہاری یہ
جلدی ہمیں بہت تنگ کرتی ہے ماما کام جلدی کرنا چاہیے ہاں ہاں یہ بہت ضروری ہے نہ جو ہم
کرنے جا رہے ہیں تسلی سے بھی جایا جا سکتا ہے ٹھیک ہے ماما چلیں بھائی سے کہیں نہ چلائیں گاڑی
اچھا فاطمہ چلا رہا ہوں لو آ گیا تمہارا کپڑوں کا مال کر لو جو کرنا ہے جاو ماما دیکھیں کتنے رنگ برنگے
کپڑوں سے بھرا پڑا ہے ماما دل کہتا ہے کہ سب ہی لے جاوں پر پھر اتنے رکھوں گی کہاں ماما بیٹا
ضرورت کیمطابق چیزیں استعمال کیا کرو زندگی میں آسانی ہوتی ہے اچھا ماما چلیں چلیں آپی آپ
بھی چلیں آپ کے لیے پہلے سوٹ دیکھتے ہیں پھر میں آرام سے اپنے لیے پسند کروں گی وہ
دیکھیں اس دوکان میں لال جوڑا کتنا پیارا ہے نہیں نہیں فاطمہ تمہیں بتایا تھا کہ میں بلیک پہنو گی
اچھا آپی اس میں بلیک کلر دیکھ لینا ہاں چلو دیکھتے ہیں۔

www.novelsclubb.com

فاطمہ۔دوکان والے بھائی جان یہ جو سامنے لال رنگ کا جوڑا ہے اس میں اپ کے پاس بلیک کلر ہے تو دیکھائیں جی ہے ابھی منگواتے ہیں اور آپ کو کیسا چاہیے نہیں پہلے آپ آپی کو پسند کر لینے دیں پھر میں دیکھوں گی لیں میڈیم آپ کا سوٹ آگیا ہیں بھائی میں آپ کو میڈیم دیکھائی دیتی ہوں اتنے اچھے طریقہ سے تیار ہو کر آئی ہوں ہنستے ہوئے بھائی بولا بچے مذاق کر رہا تھا بہت پیاری لگ رہی ہو خدا نظر بد سے بچائے ماما آمین بولی اور کہا کہ جلدی دیکھو عائشہ کیسا ہے یہ جوڑا ماما ٹھیک ہے مگر یہ تھوڑا سا اُور نہیں ہو گا فاطمہ نہیں آپی اتنا تو پیار لگے گا آپ پر دیکھنا آپ کے سسرال والے آپ کو دیکھ کر خوش ہو جائیں گے اس جوڑے میں مسکراہٹ بھرے لہجہ میں عائشہ نے ہاں کی اور بھائی نے سوٹ پیک کرنا شروع کر دیا ماما فاطمہ سے بھی کہیں کہ وہ لے لے جو لینا ہے فاطمہ کیوں بتاو کون سا لینا ہے جی ماما میں اپنی پرچی بنا کر لے آئی ہوں ہائے اللہ پرچی کس چیز کی کہتے ہوئے دیکھا کہ فاطمہ نے اپنے پرس سے ایک لمبی قطار والی لسٹ نکالی جو ایک پنک فراک سے شروع کر ہو کر ہیل والی جوتی پر ختم ہو رہی تھی جس میں میچنگ

بالیاں، چوڑیاں پرس اور نجانے کیا کیا لکھ رکھا تھا ماما یہ دیکھیں اب میں ان میں سے ایک ایک کر کے بولتی ہوں آپ لیجے گا فاطمہ بچے یہ اتنی چیزیں کیوں لینی ہیں شادی تھوڑی ہے کوئی صرف عائشہ کو دیکھنے کے لیے آ رہے ہیں ماما نہیں میں تو لوں گی یہ سب نہیں تو میں نے کچھ بھی نہیں لینا



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اچھا چلو لو جلدی بھائی دوکان والے وہ جو پیچھے آپ کے ایک پنک کلر کی میکسی لٹک رہی ہے وہ تو زرا دیکھائیں مجھے علم تھا بیٹا آپ وہی مانگے گیں ہمارے پاس وہ واحد پیس ہے فاطمہ یعنی بھائی اس کے ساتھ کا اور کوئی پیس نہیں ہے نہیں جی یہ اکیلا ہی ہے ماما یہی لے دیں تا کہ میرے جیسا کوئی نہ لے سکے اچھا چلو بیٹا لے لو آپ جیسا ویسے بھی کسی نے نہیں لینا آپ سے مار کھانی ہے کسی نے ماما ایسے تو نہ کہیں میں کسی کو کیا کہتی ہوں ہاں ہاں بیٹا تم تو بہت معصوم ہو اچھا چھوڑو آپ سوٹ لے لو جی بھائی یہ والا پیک کر دیں ماما اب جوتے دیکھنے چلیں وہ دیکھیں سامنے والی دوکان میں اچھے لگ رہے ہیں چلو بیٹا وہاں چلی چلو ہاں ماما عائشہ چلو نہ جلدی اندھیرا ہو رہا ہے بھائی اکرم آپ نے نہیں کچھ لینا جی بالکل لینا ہے پہلے آپ کی لسٹ تو ختم ہو جائے پھر سوچوں گا ہاہاہاہا بھائی ایسا تو نہ کہیں چند ہی تو چیزیں ہیں جو میں نے لسٹ مین شامل کر رکھی ہیں آپ کو یہ زیادہ لگ رہی ہیں ہاں تو اور کیا اتنی زیادہ تو ہیں ایک سوٹ اور جوتے سے بھی تو کام چل سکتا تھا دیکھیں نہ ماما بھائی مجھے کیسے تنگ کر رہا ہے بابا جان نے کہا تھا جو فاطمہ کہے گی اسے وہ لے دیجے گا تو بھائی اکرم کو کہیں کے وہ مجھے بار بار تنگ نہ کریں میں جو چاہوں گی وہ لوں گی اچھا بیٹا لے لو کس نے روکا ہے آپ کو جی ماما عائشہ کی شوپنگ ہو گئی ہے اسکو کہیں کہ وہ گاڑی میں جا کر بیٹھے ہم چوڑیاں لے کر چلیں گے اچھا عائشہ تم اکرم بھائی کے ساتھ چلو ہم آتے ہیں جی امی جی ماما دیکھیں یہ پیلے رنگ کی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

چوڑیاں نہیں بیٹا پنک میسکی پر یہ اچھی نہیں لگیں گی تو پھر کون سا رنگ لوں ماما اتنے رنگ ہیں میرا تو دل کر رہا ہے سارے ہی لے لوں میں اچھا چلو جو آپ کو اچھا لگتا ہے وہی لے لو ماما مجھے وہ رنگ برنگی بہت اچھی لگ رہی ہیں ہاں چلو لے لو جی ماما بھائی کو کہیں میری شاپنگ پوری ہو گئی ہے چلیں گھر چلیں بہت اندھیرا ہو گیا ہے بابا جی ویٹ کر رہے ہوں گے ہاں اب تو تمہیں بابا جی کی یاد آرہی ہے پہلے جب لسٹ دیکھا رہی تھی تب نہیں یاد تھا کہ اندھیرا ہو رہا ہے اچھا چلو بھائی سے کہو کال کر کے کے گاڑی لے آئے اچھا ماما۔بھائی ماما کہہ رہی ہے آپ آگے ایک جیولری کی شاپ ہے اس پر آجائیں ہم وہاں سے گھر کے لیے روانہ ہوں گے اچھا ہو گئی شاپنگ.جی ہو گی چلو میں نے بھی ایک سوٹ لیا ہے بھائی کون سا رنگ ہے سفید کلر ہے واہ بھائی کس کی پسند کا ہے عائشہ نے کہا تھا کہ وائٹ لے لو اچھا چلیں آجائیں ماما ویٹ کر رہی ہے آیا آپ باہر آو شاپ کے جی بھائی آگئے ہیں چلیں ماما وہ بھائی آگئے ہیں

☆ماما بابا جی کی کال آرہی ہے پوچھ رہے ہیں رات کے دس بج رہے ہیں آپ آئے نہیں ابھی بابا جی سے کہوں کہ کچھ دیر میں پہنچ جائیں گے بابا جی ماما کہہ رہی کچھ دیر میں پہنچ رہے ہیں.جی اچھا چلیں فی امان اللہ۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

☆گھر پہنچتے ہی اپنے کپڑے اور جیولری اٹھا کر اپنے کمرے میں چلی گئی دیکھا تو اندھیرا تھاہر طرف باباجی لائٹ کب گئی بیٹا ابھی کچھ دیر پہلے اداسی بھرے لہجہ میں آج بھی لائٹ کو جانا تھا آج ہی تو میں نے یہ رنگ اپنے کمرے میں دیکھنے تھے کہنے کی بات تھی کہ لائٹ آگئی ہنستے ہوئے کہا بابا دیکھیں آج میری وجہ سے لائٹ بھی آگئی ہے ہاں بیٹا شاید ان کو آپ کے چہرے کی مسکراہٹ کم ہونے پر اچھا نہیں لگا چلیں اب سو جائیں صبح مہمانوں کے آنے کا ٹائم ہے اس لیے نیند کو پورا کریں ی باباجانی ابھی سو رہی ہوں اتنے میں گھر کی کھڑکی جہاں کبھی کوئی نہ گزار لائٹ سی محسوس ہوئی بے دھیانی اور حیرانی میں اٹھی اور دیکھا تو سامنے ایک بائک رونما ہوئی جس پر ایک لڑکا بیٹھا ہوا کھڑکی کی جانب دیکھ رہا تھا میرے دیکھتے ہی اس نے نظریں پھر لی اور منہ پھر لیا مجھے حیرانگی ہوئی کہ اس ٹائم رات گئے کون آیا ہے تو اتنے میں مین ڈور اوپن ہوا اور باباجانی باہر جا کر اس لڑکے سے کچھ لے رہے تھے کہ وہ پھر سے اچانک دیکھ کر پھر منہ موڑ لیا اور مسکرانے لگا میں کھڑکی میں کھڑی یہ منظر دیکھ رہی تھی کہ باباجانی اس لڑکے کو کیسے جانتے ہیں کون ہو سکتا ہے یہ اور اس وقت وہ بھی باباجانی سے ملنے کے لیے کیوں آیا ہوگا اتنے میں بائک کے جانے کی آواز آئی میں نیچے بھاگی آپی بابا سے ملنے کون آیا تھا فاطمہ وہ میرا دیور تھا اچھا آپی کیا کرنے آیا وہ اس وقت وہ بس بابا سے کچھ چیزیں لینی تھی وہ لینے آیا تھا میں یہ سن کر پھر



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اپنے کمرے میں چلی گئی اور اہستہ اہستہ اسی بائک کی روشنی اور آواز میرے کانوں میں بجنے لگی جس کو سنتے محسوس کرت کب آنکھ لگی معلوم ہی نہ چلا صبح ہوتے ہی باباجی کی آواز آئی بیٹا کہا بھی تھا کہ سو جاو جلدی دیکھو صبح کی نماز بھی نہیں پڑھی تم نے اور اب اٹھ رہی ہو 8 بج رہے ہیں سورج کہاں سے کہاں چلا گیا ہے جلدی ماما بلا رہی ہے تمہاری تیاری میں ہاتھ بٹاو ان کا جی باباجانی میں ابھی گئی اتنے میں منیچے جا کر میں کام میں مصروف ہو گی تیاریاں مکمل ہوئی تو ماما نے کہا کہ اب تم تیار ہو جاو تا کہ مہمان آنے تک کوئی تیاری باقی نہ رہے کیونکہ سب سے زیادہ ٹائم تم لگاتی ہو جی ماما جی ہونے لگی ہوں بس آپ بھائی سے کہے گا کہ جب مہمان آجائیں مجھے بتادے میں اپنے کمرے میں ہی ہوں اچھا بتادے گا جاو اب ٹائم نہیں ہے

☆ فاطمہ دیکھو جلدی کرو وہ سب آگئے ہیں تم کتنی دیر لگا رہی ہو اچھا بھائی میں آتی ہوں انتظار کریں جلدی کرو ورنہ باباجانی غصہ کریں گے نہیں کرتے وہ اپنی بیٹی سے غصہ اچھا بھائی آئی آپ چلیں اچھا ٹھیک ہے جلدی آجانا میں جا کر ان کے بیٹھنے کا انتظام کرتا ہوں کچھ دیر کے بعد دروازہ پر دستک ہوئی بھائی کہا نہ آپ کو آتی ہوں پھر بار بار کیوں تنگ کر رہے ہیں معزرت میں آپ کا بھائی نہیں احسن ہوں وہ عائشہ آپی سے کچھ کام تھا جی کون احسن کیا کام ہے عائشہ سے جی میں ان کا ہونے والا دیور سن کر میرے تو ہوش ہی اڑ گئے نہیں یہ اس کا کمرہ نہیں ہے اچھا معزرت میں

جارہا ہوں وہ آئیں تو ان کو بتائے گا کہ میں ان کا انتظار کر رہا ہوں بھائی نے کچھ چیزیں بھیجی تھی ان کے لیے وہ ان کو دینی تھی یا وہ آپ قبول کر لیں ان کو دیے دیجے گا لائیں مجھے دے دیں دروازہ کے اوڑ سے جب دیکھا تو ایک حسین و جمیل خوش شکل انسان میرے دروازہ کی دوسری جانب کھڑا تھا دل ہی دل میں ایک عجیب سی خوشی پیدا ہوئی کہ فاطمہ یہ تو وہی ہے نہ جو اس دن تمہارے خواب میں آیا تھا جو اس دن بابا جانی سے کچھ کام کے سلسلہ میں آیا تھا اور تمہاری طرف دیکھ کر چھپ گیا تھا ہاں یہ وہی ہے اور آج تمہارے کچھ قدموں کی دوری پر ہے فاطمہ یہ وہ بھی تو ہو سکتا ہے جس کی تمہیں تلاش ہے نہیں یار میں کیا سوچ رہی ہوں دے دیں آپ یہ سامان میں ان کو دے دوں گی اتنی بات کے بعد وہ واپس چلا گیا باہر اور میں کمرے میں چلی گی پھر مجھے اس کے چہرے کے بعد کچھ اور نہ دیکھائی دے جہاں دیکھو وہی نظر آئے حالانکہ ایسا کچھ ہوا بھی نہیں آج تو میری اس کھڑکی سے بھی اتنی الفت نہیں لگ رہی تھی وہ کھڑکی جو میرے تنہائی کو کم کرنے میں مدد دیتی تھی نجانے میرا اس کے ساتھ کیا تعلق بنا کے دل میں بس وہی بس گیا اور کئی چہرے مدھم ہو گئے کئی موسم تبدیل ہوئے کئی چہروں کو میں نے اس کے چہرے کے آگے پھیکے پڑتے ہوئے دیکھا۔

www.novelsclubb.com

☆دیکھو اکرم جا کر ابھی تک فاطمہ نہیں آئی پرو گرام شروع ہونے کو ہے آئی امی جان میں ابھی بس جی ماما جی کہیں ملوان سے یہ عائشہ کی ساس ہیں سانیا جی یہ میری بیٹی ہے چھوٹی ہے عائشہ سے ابھی پڑھ رہی ہے فرسٹ ائر میں اچھا بہت پیاری ہے ہاں وہ تو میں ہوں ہی ہاہاہاہاہاہا اچھا بیٹا اور کیا کرتی ہو آج کل کچھ نہیں انٹی بس پڑھائی اور گھر کے کام وغیرہ یہ میرے میاں ہیں صفدر انکل اسلام و علیکم جی بیٹا و علیکم اسلام کسی ہو بیٹا میں ٹھیک ہوں انکل آپ سنائیں جی بالکل ٹھیک آپ کی بہن کو ہم بیٹی بنا کر لے جا رہے ہیں آپ خوش تو ہیں جی انکل بالکل میں بہت خوش ہوں کہ آپی آپ کے گھر کی فرد بننے جا رہی ہے

☆اسلام و علیکم مسز اکرم ملیں یہ میرا چھوٹا بیٹا احسن صفدر ہے انٹی کیسی ہیں جی بیٹا میں ٹھیک ہوں آپ سنائیں کیا کرتے ہو کچھ نہیں انٹی بس پڑھائی سے فری ہوا ہوں پاپا کے ساتھ کام میں ہاتھ بٹاتا ہوں اچھی بات ہے خدمت کرنی چاہیے ہائے یہ پھر یہاں آ گیا دل کو بے چین کرنے فاطمہ بات سنو کہاں کھو گئی ہاں ماما جی بس کہیں نہیں یہ عائشہ کا دیور ہے احسن، جی ماما ملی میں ان سے اچھا کہاں ابھی وہ عائشہ آپی کا سامان دینے آئے تھے اچھا چلو دیکھو عائشہ آپی آئی کے نہیں جی ماما وہ سٹیج پر ہیں چلیں پرو گرام شروع کرتے ہیں



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

☆جی سب بیٹھ جائیں لڑ کا لڑ کی آرہے ہیں اچھاماما انگوٹھی کہاں رکھی ہے جلدی بتائیں میں نے سٹیج پر جانا ہے وہی دیکھ لو الماری میں رکھی ہو گی جی مل گئی ہے ابھی آئی یہ لیں آپی عائشہ جی جو کو پہنائیں انگوٹھی جی جو کی انگوٹھی کہاں ہے فاطمہ انتظار کرو ابھی احسن لینے گیا ہے ہائے اللہ وہ یہاں بھی آگیا یہ لیں بھائی انگوٹھی پہنائیں بھابھی کو اتنے میں مجھے یوں لگا جیسے وہ میرے لیے لایا ہو لیکن پھر یاد آیا فاطمہ کہاں کھو گئی وہ عائشہ کی انگوٹھی ہے تم بھی نہ ہر چیز کو اپنا تصور کرنے لگ جاتی ہو احسن فاطمہ کہاں جا رہی ہو کیوں آپ کو کوئی مطلب نہیں ویسے ہی پوچھا آپ سے نہ بتانا چاہیں تو بھی ٹھیک ہے نہیں ایسی کوئی بات نہیں بس کمرے میں جا رہی ہوں کیوں سب لوگ یہاں انجوائے کر رہے ہیں اور تم اکیلی وہاں کیا کرو گی نہیں احسن وہاں میں اکیلی تھوڑی رہتی ہوں میرے ساتھ میری کتابیں میری تنہائی میرا ٹیڈی بیر بھی تو رہتا ہے ہمیشہ ہاہاہاہاہاہاہاہا وہ تو ٹھیک ہے مگر کسی کی کمی نہیں محسوس ہوتی اس تنہائی میں کیوں آپ کے کہنے کا مطلب میں نے کہا کہ یوں اکیلی ہی کمرے میں رہتے ہوئے بور ہوتی ہو اور کھڑکی سے کس کو دیکھتی رہتی ہوں ہائے آپ کو کیسے معلوم میں نے دیکھا تھا آپ کو ایک دن ہاں یاد آیا جب بابا جانی سے کام تھا آپ کو جی جی وہی اسی دن اچھا تو کیا مصرفیات ہیں آپ کی احسن صاحب۔جی اس طرح مصروفیات کا پہلے کسی نے نہیں پوچھا ہاہاہاہا میری عادت ہے ایسے پوچھنے کی اچھی عادت ہے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

چلیں کچھ نہیں بس بابا کے ساتھ کام کرتا ہوں ریل اسٹیٹ کا اچھا تو پھر اس کے بعد رات ٹائم کچھ نہیں بس دوستوں سے بات چیت کر کے ٹائم گزر جاتا ہے اچھا چلیں بہت اچھی بات ہے لائف میں کوئی لڑکی ہاہاہاہاہا نہیں ایسا کوئی چکر نہیں ہے ابھی ویسے ہی پوچھا برا تو نہیں لگا نہیں نہیں کچھ نہیں لگا۔فاطمہ بیٹا باہر آنا.جی امی جان آئی میں ماما.جی کی بات سن لو پھر ملتے ہیں اچھا چلیں پھر ملاقات ہو گی بیٹا مہمان جانے کے لیے تیار ہیں مل لو ان سے وہ کہہ رہے ہیں کہ فاطمہ سے ملاو ہمیں.جی انٹی بیٹا اپنا خیال رکھنا اور ہماری بہو کا بھی.جی.جی انٹی رکھوں گی آپ ٹینشن نہ لیں چلیں گاڑی آگئی ہے سب کو میرا اسلام.جی وعلیکم اسلام۔

☆احسن کہاں ہے وہ اندر گیا تھا فاطمہ دیکھو زرا اسے بھیجنا.جی انٹی میں دیکھتی ہوں احسن۔احسن کہاں چلا گیا میرے کمرے میں تو نہیں ہے نہیں وہاں اس کا کیا کام ہو گا نہیں نہیں وہاں کیسے ہو سکتا احسن،.جی آیا۔فاطمہ دیکھ کر حیران رہ گئی جب احسن اس کے کمرے سے نکلا احسن تم میرے کمرے میں کیا کر رہے تھے کہ نہیں بس ویسے ہی آپ کی کتابیں ٹیڈی بیر اور کھڑکی سے ملنے گیا تھا ہائے اللہ ان سے کون ملتا ہے آپ بھی تو ملتی ہیں میرا ملنا کچھ اور ہے اچھا.جی تو چلیں آپ کا ملنا کیسا ہے ہم بھی ویسے مل لیتے ہیں آپ کو اتنی دلچسپی کیوں ہو رہی ہے احسن.جی فاطمہ کچھ نہیں بس یہ.جی سننے کے لیے اتنا کچھ کرنا پڑھا ہاہاہاہاہاہا اچھا وہ کیوں.جی بس کسی نے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ایسے بلایا نہیں نہ پہلے تو اس لیے اچھا چلیں اتنی باتیں نہ کریں آپ کی ماما بلا رہی ہیں جائیں اچھا چلیں پھر کبھی زندگی میں اتفاق ہوا تو ملیں گے آپ سے اور آپ کی اس خاموش دنیا سے ہاہاہاہا چلیں جائیں ماما آجائیں گی جی جی جا رہا ہوں خدا حافظ۔

فاطمہ بیٹا کیا کر رہی ماما کچھ نہیں بس کپڑے چینج کر رہی ہوں اچھا بیٹا جلدی کر کے نیچے آجاو سامان وغیرہ سمیٹنا ہے جی ماما ابھی آئی اچھا بیٹا یہ جو آپی کا سامان ہے وہ اس کے کمرے میں رکھ آو جی ماما ابھی رکھ کر آئی سامان اُٹھائے پہلی سیڑھی پر پاؤں رکھا تو آواز آئی بیٹا یہ احسن کا گفٹ بھی لے جاو ماما یہ کس کا یہ آپ کے لیے بھیجا ہے ان کی فیملی نے ہیں ماما میرے لیے کیوں۔ بھئی آپ ان کی بہو کی بہن جو ہو اس لیے اچھا ماما دے دیں یہ احسن نے کیا گفٹ بھیجا ہو گا مجھے پتہ نہیں چلو جا کر دیکھتے ہیں آپی دروازہ کھولیں سامان رکھنا ہے آئی فاطمہ انتظار کرو جی آپی سامان بھاری ہے جلدی کیجئے گا لو رکھو جی آپی یہ آپ کے سسرال سے آیا ہوا سامان اچھا بابا مجھے معلوم ہے آپ رکھو اور جاو کیوں آپی آپ ایسا کیوں کہہ رہی ہیں کچھ نہیں آپ کے جی جو کی کال آئی ہے ان کو جواب بھی تو دینا ہے اس لیے بولا آپ کو اچھا اچھا آپی میں جا رہی ہوں یہ گفٹ تو رکھ جاو نہیں آپی یہ میرے لیے ہے واہ جی واہ آپ کے لیے بھی گفٹ آیا ہے جی اچھا چلیں فی امان اللہ صبح با

ت ہو گی جی جی اب تو آپ کی بات صبح کو ہی گئی سپیشل پرسن کی کال جو آگئی ہے فاطمہ مار کھاو گی مجھ سے جاو اپنے کمرے میں جی آپی جا رہی ہوں۔

☆سیڑیوں پے چڑھتے ہوئے خیال آیا فاطمہ کیا ہو سکتا ہے گفٹ میں چلو جا کر دیکھتے ہیں کمرے کا دروازہ اوپن کیا لائٹ جلائی اور گفٹ رکھ کر لیٹ گئی دھیان ہی نہ رہا کب انکھ لگ گئی رات کو انکھ کھلی تو دیکھا کہ 01:00 بجا ہوا ہے اور موبائل پر رنگ ہو رہی ہے حیرانگی سے اس وقت کون ہو سکتا ہے اللہ خیر کرے موبائل دیکھا تو ایک انجان نمبر سے میسج رسیو ہوا, میں پریشان ہو گئی کہ میرا نیو نمبر کسی کے پاس کیسے چلا گیا۔

فاطمہ ☆جی کون۔

احسن ☆میں آپ کا دوست اور کون۔

فاطمہ ☆میرا تو کوئی ایسا دوست نہیں ہے۔

فاطمہ ☆آپ کو میرا نمبر کس نے دیا۔

احسن ☆کسی سے مل سکتا ہے آپ کا نمبر کوئی دوسری دنیا میں تھوڑی چلتا ہے جو وہاں جانا ہو گا بس کچھ محنت کی اور جلدی مل گیا آپ کا نمبر۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ ☆آپ ہو کون میں آپ کو نہیں جانتی اور آپ پلیز مجھے ایسے تنگ نہ کریں آپ کی مہربانی ہو گی۔

احسن ☆اچھا اچھا ناراضگی نہ کریں یہ بتائیں کہ گفٹ مل گیا آپ کو۔

فاطمہ ☆میں حیران اور پریشان کہ اس کو کیسے پتا کہ مجھے گفٹ ملا ہے۔

فاطمہ ☆جی آپ کو کیسے پتا کہ گفٹ ملا ہے۔

احسن ☆جی بس معلوم ہے آپ بتائیں آپ نے اوپن کیا اسے کہ ابھی بھی الماری میں رکھا ہوا ہے۔

فاطمہ ☆آپ پہلے اپنا بتائیں مجھے کہ کون ہیں آپ ورنہ میں نمبر بلاک کر دوں گی آپ کا۔

www.novelsclubb.com

احسن ☆اچھا اچھا میں بتاتا ہوں۔میں احسن بات کر رہا ہوں۔

فاطمہ ☆جی کون احسن۔

احسن ☆بھول گئی اتنی جلدی ابھی آج ہی تو ملاقات ہوئی تھی۔

فاطمہ ☆ہائے اللہ آپی عائشہ کے دیور ہو۔

احسن ☆جی درست فرمایا آپ نے فاطمہ جی۔

فاطمہ☆آپ کو میرا نمبر آپی نے دیا ہے۔

احسن☆جی ہاں ان سے لیا تھا۔

فاطمہ☆کیوں آپ کو میرا نمبر کی کیا ضرورت تھی اور آپ اس وقت کیوں میسج کر رہے ہیں۔

احسن☆نہیں میں نے سوچا کہ آپ اپنی تنہائی میں مصروف ہو نگی تو چلیں آپ کو کچھ دیر کے لیے تنہائی سے دور کیا جائے بس اس لیے کیا اگر برا لگا ہو تو معزرت میں نہیں کرتا۔

فاطمہ☆نہیں احسن جی ایسا تو میں نے نہیں کہا۔

احسن☆تو پھر کیسے کہا آپ نے فاطمہ جی۔

احسن☆اور گفٹ کھولا آپ نے میرا کہ نہیں۔۔ نہیں ابھی تو نہیں کھولا آپ کا گفٹ کیوں کیا ہے اس میں ایسا جو آپ نے اس وقت پوچھنا چاہا مجھ سے۔

احسن☆یہ تو آپ کھولیں گی تو آپ کو معلوم ہو گا۔

فاطمہ☆جی میں کھول کر بتاتی ہوں آپ کو پھر۔

فاطمہ☆لگتا ہے احسن جی میرا نمبر سیو کیا ہوا ہے۔

احسن☆جی ہاہاہاہاہا کر لیا ہے پھر ہی آپ کو میسج کر رہا ہوں



WWW.NOVELSCLUBB.COM
FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ ☆اچھا جی کس نام سے کیا ہے سیو میرا نمبر

احسن ☆ ہے ایک ایموجی جس میں پری بنی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ آپ کا نام۔

فاطمہ ☆ ہاہاہاہا وہ کیوں جی۔

احسن ☆کیوں کہ آپ ہو ہی ایک پری جیسی تو جس طرح کا انسان ہو ویسا لکھنا بھی چاہے۔

فاطمہ ☆اچھا رائٹر صاحب بس کریں مجھے نیند آرہی ہے۔

احسن ☆ چلیں ٹھیک ہے آپ سو جائیں میرا گفٹ کھول کر چیک کیجئے گا اللہ حافظ

فاطمہ ☆جی ضرور فی امان اللہ

☆اچھا چلو دیکھ ہی لیتی ہوں پاگل نے کیا بھیجا ہے جو اس وقت رپلائی کر رہا ہے گفٹ کھولا تو ایک پنک رنگ کی فراک رونما ہوئی جس کو دیکھ کر میرے دل میں خوشی کی لہر دوڑنے لگی کہ یہ تو وہی ہے جو میں پرسوں شاپ پر دیکھ کر آئی تھی اور احسن کو کیسے پتا چلا کہ مجھے یہ کلر پسند ہے ابھی پوچھوں اس سے کہ رہنے دوں چل فاطمہ دیکھ اگر ان لائن ہے تو بات کر کے پوچھ کہ کیسے آئڈیا تھا اسے اس کلر کا۔

فاطمہ ☆رنگ۔۔۔۔۔۔۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

احسن ☆جی اسلام و علیکم۔فاطمہ

فاطمہ ☆جی و علیکم اسلام

احسن ☆لگتا ہے گفٹ کھل گیا ہے جو ابھی رپلائی آیا تو کیسا لگا آپ کا فیورٹ کلر کا فراک آپ کو۔

فاطمہ ☆جی اچھا لگا پر آپ کو کیسے معلوم کہ مجھے یہی کلر پسند ہے۔

احسن ☆جی میں آپ کے کمرے میں اس دن گیا تو مجھے اندازہ ہو گیا تھا کہ پسند اور کیا ناپسند ہے آپ کو اس لیے آپ کی پسند کے مطابق بھیجا گیا ہے گفٹ۔

فاطمہ ☆جی شکریہ آپ کو بہت مہربانی سمجھدار لگتے ہو۔

احسن ☆جی وہ تو ہوں میں

www.novelsclubb.com

فاطمہ ☆ چلیں پھر صبح بات ہو گی۔

احسن ☆ چلیں خدا حافظ

فاطمہ ☆خدا حافظ فی

فاطمہ ☆جی شکریہ آپ کا پرسوں شادی پر ملاقات ہو گی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

احسن ☆انتظار رہے گا اس ملاقات کا

فاطمہ ☆ سیم ٹو یو میرے خوابوں کے راجکمار

احسن ☆بس بس اب کے لیے اتنا ہی کافی ہے نہیں تو یہ احسن اپنے ہوش کھو بیٹھے گا

فاطمہ ☆ چلیں خدا حافظ

فاطمہ آج فائنلی اسی نے تجھے اپنے لیے چنا ہے اور تو کچھ نہ چاہتے ہوئے بھی ہاں کر آئی ہے اور سچ پوچھو تو یہی وہ لڑکا ہے جو تمہیں تمہاری زندگی میں تمہیں ہر خوشی دے سکتا ہے لیکن اب ماما پاپا کو کیسے بتاوں گی وہ کیا سوچیں گے آپی کیا سوچے گی چلو یہ بھی احسن سے پوچھوں گی شادی والے دن ہاں یہ بھی ٹھیک رہے گا کہ وہ بہتر جانتا ہو گا کہ کیا فیصلہ لینا چاہئے اب رات ہو گئی ہے یہ نہ ہو کہ ماما آجائیں اس لیے بہتر یہ ہو گا کہ اب سو لیا جائے لائٹ آف۔

☆ صبح نماز کے لیے ماما اٹھانے آئی تو جی ماما میں ابھی آئی بس دو منٹ ویٹ کریں بیٹا نماز کے لیے ایسے ویٹ نہیں کرواتے آپ جلدی کریں اٹھ جائیں جلدی آج آپی کی مہندی ہے اور کام اتنے کرنے والے ہیں جی ماما میں جانتی ہوں۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

کیا تھا دیکھا کہ اس وقت احسن کے دو میسج آئے ہوئے تھے شوق سے کھولی ON ☆موبائل چیٹ اور دیکھا تو دل کو خوشی سی محسوس ہوئی کہ

احسن ☆اسلام و علیکم، فاطمہ جی اٹھ جائیں فجر کا ٹائم ہو گیا ہے نماز پڑھ لیں آپ کی عادت ہے اور میری یہ تمنا کہ میری ہمسفر پانچ وقت کی نمازی ہو

احسن ☆اور ایسا زندگی میں پہلی بار ہوا ہے کہ میں ساری رات یہ سوچتا رہا ہوں کہ ایسا کیا اچھا کام مجھ سے ہوا کہ آپ نے مجھے ہاں کر دی اور میں ساری رات اس رحمت کا شکر ادا کرتا رہا ہوں کہ اے میرے اللہ تو جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے اور بہترین کرنے پر قادر ہے

فاطمہ ☆جی و علیکم اسلام

فاطمہ ☆جی جی جناب محترم پڑھ رہی ہوں نماز اور اتنی بھی اوور ایکٹنگ نہ کریں آپ شاعر بندے ہیں آپ پر ایکٹنگ سوٹ نہیں کرتی آپ کی یہ قسمت میں لکھا تھا کہ آپ مجھے ملیں گے میں آپ کو اس میں سوچنا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ وہ بہترین کرنے پر قادر ہے چلیں اب آپ اوف لائن ہیں اس لیے خدا حافظ ناشتے کے ٹائم اون لائن ہو جایئے گا آپ کے ساتھ ایک بات کرنی تھی میں نے اوکے فی امان اللہ۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ بیٹا۔جی ماما جی بیٹا اٹھ جاو ناشتہ کر لو اور جلدی سے آپی کے کپڑے اور سامان آپی کو دے دو تا کہ وہ ان کو استری کر والے اور جس چیز کی کمی ہو گی وہ بتادے گی اکرم بھائی کو کہ کر منگوا لیجئے گا جی ماما ابھی کرتی ہوں ناشتہ بس آئی۔ کیا بنایا ہے آپی آپ نے آج ناشتہ میں جو پہلے بنتا ہے کیوں آپ نے کچھ نیا کھانہ ہے نہیں آپی ایسے تو نہیں کہا میں نے اچھا بابا ناراض کیوں ہوتی ہو جو کہو گی بنادوں گی آج کے دن کیوں پھر کیا ہو جانا آپی پھر میں نے چلی جانا کل اپنے سسرال ہائے آپی ابھی تو نہ رلائیں میں کیسے رہوں گی آپ کے بغیر رہنا پڑھے گا میرا بچہ چلو جلدی ناشتہ کر و اور میرے کپڑے وغیرہ لے او تا کہ میں رضیہ آپاں کو دے کر استری کر والوں جی آپی کون سا پہنو گی آپ سوٹ وہ میرا جو لال رنگ کا جوڑا تھا وہ پہنو گی میں کل اور آج کے لیے وائٹ میکسی ہے نہ ہو لے آنا وہ پہنوں گی اور جلدی کرنا کام بہت سارے ہیں جی آپی میں لے آتی ہوں اتنے میں سیڑوں پر یاد آیا کہ احسن کو ناشتہ کا ٹائم دیا تھا یہ نہ ہو کہ میسج کر رہا ہو اور میں یہاں بزی ہوں وہی بات ہوئی جسکا ڈر تھا کہ جیسے ہی موبائل لیا تو رنگ ہوئی جب کھولا تو دیکھا کہ تین میسج احسن کے نام سے رسیو ہوئے جیسے ہی میسج دیکھے تو کہتا ہے

احسن ☆ فاطمہ جی آپ ناشتہ کر لیں اگر کر لیا ہے تو بتائیں کہ کیا پریشانی ہے

احسن ☆ جی آپ نے پوچھا کہ ایک بات کرنی ہے حکم کریں میری سرکار



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

احسن ☆ چلیں اب ان لائن ہو جائیں کہ کتنا ویٹ کروائیں گی

فاطمہ ☆ معذرت احسن میں آپی کا سامان لینے چلی گئی تھی بھول گئی آپ کو دیا ہوا ٹائم

احسن ☆ پہلی بات تو یہ کہ آئندہ آپ نے مجھ سے معذرت نہیں کرنی ٹھیک ہے کیونکہ معذرت سے رشتہ کی ایک سائیڈ ہلکی ہو جاتی ہے اور مان ٹوٹ جاتا ہے اس لیے نو معذرت اوکے۔

احسن ☆ اور جو بات ہے آپ مجھ سے فرمائیں ہر چیز کا حل آپ کو مل جائے گا آپ کو اب ٹینشن نہیں لینی چاہیے کسی بات کی میں آگیا ہوں نہ آپ کی لائف میں تو میں ہر چیز کو مینج کر لوں گا

احسن ☆ اور کبھی بھی یہ مت سوچنا کہ میں نے یہ بات کرنے لگی ہوں یا یہ کر دی ہے تو احسن غصہ کرے گا آپ کے لیے یہ سب facility آخری سانس تک محفوظ ہیں

فاطمہ ☆ جی آئندہ نہیں کہوں گی جزاک اللہ اتنی عزت کے لیے

احسن ☆ جی قابل عزت ہو تو عزت ہی دی جائے گی نہ پھر

فاطمہ ☆ ہائے یہ آپ ہی ہو جو اتنی تعریف کرتے ہو میری

احسن ☆ اچھا یہ بھی اچھی بات ہوئی پھر



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ ☆اور شادی کی تیاری کرلی آپ نے

احسن ☆جی کرلی ہے آج تو مہندی ہے اور آپ آج پوچھ رہی ہیں مجھ سے کیا تیاری کی ہے کہ نہیں ہاہاہاہاہا۔

فاطمہ ☆جی ویسے ہی کوئی اور بات نہیں ملی کرنے کو تو یہ پوچھ لیا آپ سے

احسن ☆اچھا کیا بات کرنی تھی آپ نے جو صبح نماز ٹائم آپ نے کہا مجھ سے

فاطمہ ☆وہ میں آپ کو فیس ٹو فیس مل کر بتاوں گی اوکے

احسن ☆چلیں جیسے آپ کی مرضی جیسے آپ خوش آپ کی خوشی میں ہم خوش

فاطمہ ☆جی بات ایسی ہے بیان نہیں ہو گی یہاں

www.novelsclubb.com

احسن ☆سب ٹھیک تو ہے نہ

فاطمہ ☆جی جی احسن جناب سب ٹھیک ہے آپ پریشان نہ ہوں

احسن ☆جس سے انسان محبت کرتا ہے اس کے ہر سوال سے ڈر لگتا ہے کیونکہ میں آپ کو کھونا نہیں چاہتا اس لیے آپ کا ہر سوال ہر جواب میری لائف کا ایک اہم حصہ ہے

فاطمہ ☆جی جزاک اللہ ویسے تو کوئی خاص بات نہیں ہے آپ ملیں گے تو بتاوں گی

احسن ☆جی اچھا۔

فاطمہ ☆آپ آج آئیں گے ہمارے گھر کے نہیں یا اکیلے ماما پاپا آئیں گے

احسن ☆ابھی تو ماما پاپا کا ہی پرو گرام ہے آنے کا لیکن آپ کہیں تو میں بھی آجاتا ہوں۔

فاطمہ ☆ہائے اللہ میری اتنی فرمابرداری ابھی سے

احسن ☆جی جی فرمائیں آوں میں کہ نہیں

فاطمہ ☆جی جی اگر آپ کے ماما پاپا آپ کو لانے میں راضی ہیں تو ضرور آئیں کیونکہ مجھ سے پہلے آپ کی لائف پر ان کا حق ہے

احسن ☆جی ضرور میں پوچھ کر بتاوں گا آپ کو کہ آنا ہے یا نہیں

www.novelsclubb.com

فاطمہ ☆جی ٹھیک ہے آب میں کام کرلوں بہت سارے کام پڑھے ہیں کرنے والے۔

احسن ☆جی چلیں شکریہ ٹائم دینے کے لیے آپ کا

فاطمہ ☆جناب ٹائم ہی آپ کا ہے اور کسی کو یہ میسر کہاں ہے احسن ☆شاعر لگ رہی ہو آج تو

فاطمہ ☆ہاہاہاہاہاہاجی جزاک اللہ آپ کے ساتھ باتیں کر کر کے شاعر تو بن ہی جانا میں نے پھر مل کر شاعری کیا کریں گے



WWW.NOVELSCLUBB.COM

FB/INSTA:NOVELSCLUBB

احسن ☆ جی ضرور جیسے آپ کا حکم سرکار سر آنکھوں پر

فاطمہ ☆ جی بس یہی حکم ہے کہ اب آپ مجھے اجازت دیں جانے کی

احسن ☆ جی ضرور۔ خدا حافظ

فاطمہ کی ماما کی آواز سن کر فاطمہ کو یاد آیا کہ میں تو ابھی آپی عائشہ کے کپڑے لینے آئی تھی اور احسن سے بات کرنے میں پتا ہی نہیں چلا کب اتنا ٹائم لگ گیا اب تو ڈانٹ پکی ماما آئی بس ڈھونڈ رہی ہوں بیٹا آپ رہنے دو موبائل استعمال کرو کپڑے وہ لے گئی ہے استری کرنے کے لیے آپ اگر اپنے مصروف وقت میں سے کچھ پل ہمیں دینا چاہتی ہیں تو بس دو سے تین کام ہیں وہ کر دیجیئے پھر آپ اور آپ کا کمرہ ہم آپ کو دے دیں گے شکریہ جی ماما ایسے تو نہ کہیں میں کر دیتی ہوں کام کیا کرنا ہے بس ایک تو عائشہ کی دوست شمائلہ سے مہندی والی کاپی لے آؤ اور وہ لا کر عائشہ کو دے دو تاکہ وہ رات کے لیے پسند کر لے اور پھر جو پسند ہو وہ شمائلہ کو کہنا کہ مہندی والی کو بتا دے ٹھیک ہے ماما جی میں ابھی جاتی ہوں آپ دوسرا کام بتائیں جی پہلے آپ یہ کر کے آو پھر مجھ سے ملنا پھر دوسرا کام بتاوں گی آپ کو چلیں میں جاتی ہوں۔

فاطمہ ☆ شمائلہ کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو آواز آئی کون ہے



WWW.NOVELSCLUBB.COM
FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ ☆جی شمائلہ آپی میں فاطمہ ہوں

شمائلہ ☆جی میں کھولتی ہوں دروازہ

فاطمہ ☆جی کھولیں باہر تو گرمی بہت ہے

شمائلہ ☆جی فرمائیں فاطمہ خیریت ہے آپ کو اس وقت دپہر کو

فاطمہ ☆جی وہ آپی عائشہ نے آپ کو بتایا ہو گا کہ مہندی والی کتاب چاہیۓ تھی

شمائلہ ☆جی میں ابھی دیکھ کر دیتی ہوں بیٹھو چاۓ پیو گی کہ ٹھنڈا

فاطمہ ☆ جزاک اللہ آپی بس آپ کتاب دے دیں کام بہت ہیں کرنے والے

شمائلہ ☆ یہ لو مل گئی ہے آپ سے کہنا کہ اس میں سے جو پسند آ جاۓ وہ مجھے بتا دیجے گا میں پارلر والی کو بتا دوں گی اور یہ ابھی کچھ دیر تک بتا دینا مجھے

فاطمہ ☆جی آپی شمائلہ ضرور میں کال کر دوں گی آپ کو جزاک اللہ۔خدا حافظ۔دروازہ بند کر لیں

شمائلہ ☆جی میں کرتی ہوں آپ دھیان سے جایۓ گا اور میرا اسلام کہیے گا سب کو

فاطمہ ☆جی ضرور میں کہ دوں گی



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

فاطمہ جب گھر پہنچی تو دیکھا کہ گھر کو چار واطراف سے پھولوں سے سجایا جارہا ہے اور لائٹنگ لگائی جارہی ہے یہ دیکھ کر فاطمہ کو بہت اچھا لگا کہ جیسے وہ کسی اوری دنیا میں داخل ہورہی ہو جیسے ہی اندر داخل ہوئی تو دیکھ کر حیران رہ گئی کہ سامنے احسن کھڑا تھا ہلکی سی مسکراہٹ چہرے سے عیاں ہوئی تو دیکھ کر میں بھی مسکرادی پاس گی تو کہنے لگا اسلام علیکم جناب کیا حال چال ہیں آپ کے میں ٹھیک آپ سنائیں احسن جی اتنی جلدی آگئے آپ جی وہ آپ کو دیکھنے کا دل کیا تو رہا نہیں گیا کیوں دیکھنے سے کیا ہوتا ہے اچھا تو سنو کہ تمہیں یوں روبرو دیکھ کر مجھے اپنے اس جہاں میں زندہ ہونے کا احساس ہوتا ہے اور دل کرتا ہے کہ یوں ہی تمہیں دیکھتا رہوں اور کہیں اپنے دل کے قید خانے میں تاعمر قید کی سزا سنا کر قید کرلوں جہاں سے تم صرف میری نظروں کو میسر رہو اور کسی کی نظر کو میسر نہ آو میں جب چاہو اپنی خوشیاں تمہارے ساتھ گزاروں تم کو دیکھو اور جی اٹھوں جب چاہو تمہاری باتوں کو سنوان کے جواب دوں تمہاری ہر خوشی کو عزیز رکھ کر اپنی سب خواہشات کو ترک کروں ارے بس بس احسن جی اب جان لینی ہے کیا مہندی کا ٹائم ہورہا ہے چلیں تیار ہو جائیں میں بھی تیار ہونے لگی ہوں جی ضرور آپ جائیں اپنے کمرے میں میں آپ کا ویٹ کرتا ہوں چلیں ٹھیک ہے جایئے گا مت کہیں نہیں جناب آپ کے پاس ہی ہوں کہیں نہیں جاتا میں۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

اتنا کہ کر جب مین سیڑیوں پر جا رہی تھی تو مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے کوئی میری غیر موجودگی میں یہاں آیا ہوا تھا اتنے میں کمرے کا دروازہ کھولا تو میں دیکھ کر حیران رہ گئی کہ میرے بیڈ پر وہی لال رنگ کا جوڑا اور اس قدر حسین منظر لگ رہا تھا جیسے کسی شہزادی کا لباس ہو اور میں نے اتنا پیارا جوڑا کبھی زندگی میں نہیں دیکھا تھا اور جب میں قریب گئی تو دیکھا کہ ساتھ ہی ایک خط پڑھا تھا جس میں لکھا تھا میری شہزادی آج اس شہزادے کے لیے اس لباس کو پہن سکتی ہے اور نیچے ہی لکھا تھا کہ الماری کے پاس آو کچھ دیکھانا ہے میں بھاگ کر الماری کے پاس گئی تو سامنے نیچے احسن ویٹ کر رہا تھا اور دیکھ کر اشارہ کرنے لگا کہ آگے پڑھو آگے لکھا ہوا تھا کہ تمہاری اس فراک کے ساتھ میچنگ جوتے آپ کے بیڈ کے نیچے رکھ دیے ہیں اس کے ساتھ کی چوڑیاں آپ کے سائیڈ ٹیبل کے دراز میں ہیں ایک گھڑی جو میری محبت کی پہلی نشانی ہے جو آپ پہنو گی تو آن ہو گی آپ کے ہر دل عزیز الماری کے ساتھ والی دراز میں رکھ دی ہے اور گزارش ہے کہ آپ کا یہ شہزادہ آپ کو اس لباس میں دیکھنے کے لیے بے صبر ہے اگر اس شہزادے پر رحم و کرم دیا جائے تو مہربانی ہو گی آپ کی اتنا سن کر دل میں خوشی سی ہوئی کہ ایک تو اتنا اچھا لباس جو میں نے کبھی پہنا ہی نہیں اور اتنے پیار اور عزت سے پہننے کا کہ رہا ہے میں اٹھی اور الماری پر گئی تو وہ وہی دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا تھا جب مجھے دیکھا تو پھر سے ہنسی جھلکی اس کے کے چہرے پر اور



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

دھیمے سے لہجے میں پوچھا کیا یہ ہو سکتا ہے تو میں نے مسکرا کر کہا کیوں نہیں جناب تو بہت خوش ہوا اور کہنے لگا آپ تیار ہو کر آجائیں میں انتظار کر رہا ہوں جی میں آئی احسن جی انتظار کریں۔

میں نے اپنا وہ لباس پہنا اور سب کچھ جو احسن لے کر آیا تھا پہن کر جب آئینے کے سامنے آئی تو آئینے میں میں نے ایک سچ مچ کی شہزادی دیکھی جو وہ احسن کو دیکھائی دیتی تھی اور آج مجھے یوں لگا کہ واقعی ہی اسکی پسند میں کوئی خاصیت ہے جو اس نے مجھے چنا ہے جیسے ہی میں حال میں گی سب کی نظریں مجھ پر تھی جو احسن کو دیکھ کر ایک جگہ تھم سی گئی اور لوگ مجھے دیکھ رہے تھے میں احسن کے چہرے کی اس مسکراہٹ میں کھو گئی جو وہ مجھے دیکھ کر اپنے چہرے پر سجا رہا تھا اور میرے لیے وہ مسکراہٹ ایسے تھی جیسے اسے سات براعظموں کی حکومت مل گئی ہو اور وہ مجھے دیکھ کر ایسے مسکرا رہا تھا اتنے میں آپی عائشہ میرے پاس آئی اور کہنے لگی کہ فاطمہ یہ سوٹ کہاں سے لیا ہے میں کچھ بولے بغیر چپ احسن کی جانب دیکھ رہی تھی کہ آپی کہنے لگی کہ مل گیا جواب مجھ کو میں نے کہا کہ آپی کیا مل گیا جواب تو مسکرا کر کہنے لگی اچھی لگے گی جوڑی اور آپی وہاں سے چلی گئی یہ سن کر مجھے یوں لگا جیسے میرا احسن کی طرف جانے والے راستوں پر پہلا قدم کسی نے تھام لیا ہو اور مجھے اگلے قدم کی اجازت دے دی ہو اتنے میں احسن پاس آیا اور کہنے لگا کہ پاگل تجھ سے عشق کیا ہے اور تو سوچ رہی ہے کہ گھر والوں کو کیسے بتائیں گے تیرے سوچنے سے پہلے



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ہی سب نے ہاں کر دی ہے بھائی کی شادی کے بعد ہمارا نکاح ہے یہ سن کر مجھے یون محسوس ہوا جیسے میرے لیے سارے آسمان کے ستارے ایک ہو کر زمین پر اتر آئے ہوں اور احسن کی شکل میں مجھ سے محبت کا اظہار کر رہے ہوں اتنا سنا تو میں بے ساختہ کہنے لگی احسن پھر چلیں کہنے لگا کہاں میں نے کہا کہ بھائی کی مہندی ہے بھول گئے کہنے لگا آپ کو تو سادگی میں دیکھ کر دنیا بھول جاتا ہوں آج تو حسن کی حد ہی نہیں ہے تو کیسے یاد رکھوں میں کہ ارد گرد کیا ہو رہا ہے

اچھا چلیں بھائی کے پاس چلیں آپی اور بھائی کی رخصتی کا ٹائم ہو گیا ہے جلدی کریں گاڑی والے کو کہیں کہ وہ گاڑی لے کر آئے جی جی میں کہتا ہوں جان۔ارے او پاگل آپ کو کام کہ رہی ہوں اور آپ مجھے سب میں جان بلا رہے ہیں کیوں کسی کو سنا جس نے کہا ہو کہ آپ احسن کی جان نہیں ہوا اچھا پاگل جاو جلدی کرو جی ابھی گیا لیں وہ گاڑی آگئی ہے آپ آپی کے ساتھ جائیں گی نہیں نہیں میں نہیں جاوں گی آپی کے ساتھ کیوں جی میں نے آپ کی ماما پاپا اور آپی سے اجازت لے لی ہے ارے واہ مجھے بتایا بھی نہیں اور اجازت لے بھی لی اچھا چلیں کس کے ساتھ جانا ہے میں آپی کے ساتھ چلی جاوں نہیں نہیں آپ میری گاڑی میں چلو گی کیوں احسن جی ابھی ہمارا نکاح نہیں ہوا تو بہتر ہو گا کہ میں آپی کے ساتھ جاوں جی ٹھیک جیسے میری شہزادی کو اچھا لگے جی آپ جائیں اپنی گاڑی میں خدا حافظ۔



WWW.NOVELSCLUBB.COM FB/INSTA:NOVELSCLUBB

ارے واہ احسن جی آپ تو ہم سے پہلے ہی گھر پہنچ گئے اور کیا کر کر رہے ہیں آئیں فاطمہ جی آپ کو گھر دیکھائیں جی چلیں یہ دیکھیں میرا کمرہ واہ یار اتنا خوبصورت کمرا ہاں مجھے بھی آج ہی خوبصورت لگا وہ کیوں احسن جی کیونکہ آج ایک شہزادی جو اس محل میں قدم رکھ چکی ہے ارے یار ایک تو آپ کا شاعر جو جاگ جاتا ہے کچھ دیر میں اچھا آپ کو ایک بات کہوں جی کہیں۔

احسن ☆ فاطمہ جی آپ کو مل کر زندگی میں بہت سی خوشیوں کا اضافہ ہوا کچھ مسکراہٹیں بڑھی کچھ لوگوں کی تعداد میں آضافہ ہوا کچھ آپ کی صحبت میں بہت کچھ سیکھنے کو ملا آپ میری زندگی کا وہ حسین حصہ ہو جس کے لیے میں نے اپنے رب سے ہمیشہ دعا کی تھی اور دیکھو کہ میرے رب نے وہ حسین حصہ آپ کو بنا کر بھیجا ہے اور میرے دل میں نہیں ہو کیونکہ جو دل میں ہوتے ہیں وہ کبھی کبھار کچھ غلط فہمیوں سے دور بھی ہو جاتے ہیں بلکہ آپ تو میرا دل ہو جو نہ تو جگہ چھوڑتا ہے اور نہ ہی دھڑکنا اور جب تک یہ دھڑکنا جاری رکھے گا آپ کا ہی ورد کرے گا اور اس دل پر صرف میری شہزادی کا حق ہوگا اور انشاءاللہ ایک دن ہم اسی کمرے میں اپنی زندگی کا ایک نیا آغاز کریں گے خدا حافظ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com